### از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن متھرا، پشاور

# اشتہار برائے نیلامی ٹھیکہ جات دوسری بار حدود تحصیل متھرا، پشاور

## برائے مالی سال 2026-27 بذریعہ E-Baldiya, E-Auction

بحوالہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی خیبر پختونخوا مراسلہ نمبر No.AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 تحصیل میونسپل ایڈ منسٹریشن متھرا، پشاور اپنے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2026-27 ، از یکم اگست 2026 تا 30 جون 2027 تک حکومت کی پالیسی کے تحت بذریعہ (E-Baldiya / E-Auction) آن لائن نیلام کرانا چاہتی ہیں۔ خواہشمند حضرات/فرم جو سال 2026-27 ، کیلئے لوکل کونسل بورڈ صوبہ خیبر پختونخوا پشاور مراسلہ نمبر No.AOII/LCB/6-11/ 2026 مورخہ 07/05/2026 کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹر ہوں لوکل گورنمنٹ کے ویب سائٹ https:/cfmis.lgkp.gov.pk یا https:eauction.lcbkp.gov پر آن لائن نیلامی کی تاریخ 20 جولائی 2026 بروز پیر صبح 09:00 بجے تا بروز بدھ مورخہ 22 جولائی شام 04:00 بجے آن لائن کھلی بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

شیڈول حسب ذیل ہے

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ جات | معیاد ٹھیکہ | زر بیعانہ/کال ڈیپازٹ | تاریخ نیلامی | بوقت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سائن بورڈ/ ایڈورٹائزمنٹ فیس | از یکم اگست 2026 تا 30 جون 2027 | 250,000 دو لاکھ پچاس ہزار روپے | مورخہ 20 جولائی 2026 تا 22 جولائی 2026 | بروز پیر صبح 09:00 تا بروز بدھ شام 04:00 بجے تک |

**شرائط:**

1- ہر بولی دہندہ کیلئے لازم ہوگا کہ وہ مقررہ تاریخوں سے دو روز قبل زر بیعانہ بصورت کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن متھرا، پشاور بنائے گا۔ اور آن لائن بولی دینے سے قبل لوکل کونسل بورڈ کے ویب سائٹ پر اس کی تفصیلات درج کرے گا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔ 2- آن لائن بولی دہندہ کا نام ختم ہونے کے بعد ٹھیکیدار 48 گھنٹے کے اندر مذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ رجسٹریشن اور قومی شناختی کارڈ کے تصدیق شدہ مصدقہ نقول ریگولیشن برانچ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن متھرا، پشاور میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ مقرر کردہ وقت ختم ہونے کے بعد اگلے دو دن یعنی جمعرات اور جمعہ کو دفتری اوقات کار میں زر ضمانت اور زر پیشگی دفتر ہذا میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر زر بیعانہ بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔ 3- کامیاب بولی دہندہ شیڈول و رشیڈول کے سیریل نمبر 1 کے کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے کل زر نیلام/ٹھیکہ کا پچاس فیصد (50%) زر پیشگی و ضمانت جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اس کے علاوہ باقی پچاس فیصد (50%) پہلے تین ماہ مساوی اقساط (یعنی اگست، ستمبر اور اکتوبر 2026 ، میں جمع کرنے کے پابند ہوں گے
4- دوران ٹھیکہ ٹی ایم اے متھرا یا حکومت کی طرف سے فیس میں اضافہ کی صورت میں اسی حساب سے زائد وصولی یا ادائیگی کا مجاز اور پابند ہوگا۔ اس کا تعین کمیٹی کرے گی۔ 5- کامیاب بولی دہندہ کل زر ٹھیکہ کی رقم پر FBR سے لاگو شدہ انکم ٹیکس ہر ماہانہ قسط کے ساتھ جمع کرنے کے پابند ہوں گے۔ اور اس کے ساتھ صوبائی یا وفاقی حکومت کوئی اضافی ٹیکس لاگو کرے ٹھیکیدار جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ 6- کسی بھی لوکل کونسل بورڈ کا بقایہ دار آن لائن بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔ 7- ہر بولی دہندہ صوبائی حکومت سے موصول شدہ شرائط و ضوابط برائے نیلامی ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27 ، بمطابق چٹھی نمبر No.AOII/LCB/6-11/ 2026 مورخہ 07/05/2026 پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔ 8- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ دو افراد بطور ضمانتی جن کی ٹھیکہ رقم کے برابر جائیداد ہو، فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ بیان حلفی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔
9- دیگر شرائط نیلام لوکل کونسل بورڈ کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ اور ٹی ایم اے متھرا کے دفتر سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

INF(P)3157/26

ZERO TOLERANCE TO CORRUPTION

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن متھرا، پشاور

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن متھرا، پشاور

روزنامہ عوام الناس پشاور - 24-06-26 -

CamScanner